دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **usman**	Serial No : **23048**	MODE: **Regular**
Address : **UAE Dubai**	Date : **6/30/2014**	
Subject : **namaz**	Contact No:	
Writer : عبد القہار	Email :	

salaam. hamare building mai 1 choti masjid hai. ass pass nazdeeq koi jamia masjid nahi.hum apny room mai jamat krwa sakty hein hum 6 loog hoty hein.yan hum ko buldingwaloon ki taraf say jo masjid bani hoi hia wahan ja k hi namaz parhni chahiyia..or hum sab ko koi majbore b nahi k hum wahan na ja sakein.bas yahi hia k room mai prhny say time save ho jay ga or jalde say thora so k pher duty chaly jaein gy.

ہمارے بلڈنگ میں ایک چھوٹی مسجد ہے آس پاس نزدیک کوئی جامع مسجد نہیں، ہم اپنے کمرے میں جماعت کرواسکتے ہیں ہم ۶ لوگ ہوتے ہیں یا ہم کو بلڈنگ والوں کی طرف سے جو مسجد بنی ہوئی ہے وہاں جاکے ہی نماز پڑھنی چاہیئے؟ اور ہم سب کو کوئی مجبوری بھی نہیں کہ ہم وہاں نہ جاسکے۔ بس یہی ہے کہ کمرے میں پڑھنے سے وقت بچ جائے گا اور جلدی سے تھوڑا سو کر پھر ڈیوٹی چلے جائینگے۔

الجواب حامداً ومصلیاً

محض اپنی سہولت اور وقت بچانے کیلئے مسجد اور مسجد کی جماعت کو ترک کرنا گناہ اور بڑی محرومی ہے اس لئے سائل اور اس کے کمرے کے ساتھیوں کو چاہیئے کہ بلڈنگ کی مسجد میں جاکر نماز باجماعت پڑھنے کا اہتمام کریں۔

فی الهندية:- وان صلى بجماعة فی البيت اختلف فيه المشايخ والصحيح ان للجماعة فی البيت فضيلة وللجماعة فی المسجد فضيلة اخرى فاذا صلى فی البيت بجماعة فقد حاز فضيلة ادائها بالجماعة وترك الفضيلة الأخرى هكذا قاله القاضی الامام أبو علی النسفی والصحيح ان ادائها بالجماعة فی المسجد أفضل وكذلك فی المكتوبات (ج ۱ ص ۱۱۶) — والله اعلم بالصواب

عبد القہار عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۱/ربیع الثانی/۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۲/۴/۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible] غفر اللہ له
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۳/ربیع الثانی

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ ۲۳۰۴۸ ۱۴۳۶/۴/۱۲

7/2/15